UG of Companies

# بلیسڈ ٹیکسٹائلز لمیٹڈ

## اطلاع سالانہ اجلاس عام

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ بلیسڈ ٹیکسٹائلز لمیٹڈ کے ارکان کا 37 واں سالانہ اجلاس عام بروز سوموار 28 اکتوبر 2024 کو سہ پہر 03:30 بجے، کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر یعنی عمر ہاؤس، 23/1، سیکٹر 23، S.M. فاروق روڈ، کورنگی انڈسٹریل ایریا، کراچی میں درج ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد ہوگا۔

اجلاس میں مندرجہ ذیل عمومی اور خصوصی امور سرانجام دینے کی تجویز دی گئی ہے:

### عام امور

1-27 اکتوبر 2023 کو منعقدہ گزشتہ سالانہ اجلاس عام کی کارروائی کی توثیق کرنا۔

2-30 جون 2024 مختتمہ سال کیلئے کمپنی کی ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹ معہ نظر ثانی شدہ مالیاتی گوشواروں کی وصولی، غور وخوض اور منظوری دینا۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 223 کے مطابق اور SRO 389(I)/2023 کی تعمیل میں کمپنی کے مالی گوشوارے کمپنی کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کر دیئے گئے ہیں جنہیں درج ذیل ویب لنک اور کیو آر فعال کوڈ سے ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے:

URL:http://www.umergroup.com/blessed-financial-reports.html

3- اگلی مدت یعنی سال 2024-2025 کیلئے آڈیٹرز کا تقرر اور گزشتہ سال کے 2,000,000.00 روپے کے مطابق ان کے مشاہرہ کا تعین کرنا۔ ریٹائر ہونے والے آڈیٹرز میسرز رحمان سرفراز رحیم اقبال رفیق، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس دوبارہ تقرری کیلئے خود کو پیش کرنے کے اہل ہیں۔

### 4- خصوصی امور:

(A) کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 208 کی دفعات کے تحت متعلقہ پارٹی ٹرانزیکشنز کے حوالے سے درج ذیل قراردادوں کو ترمیم کے ساتھ یا بغیر ترمیم کے خصوصی قرارداد کے ذریعے منظوری دینا:

(i) "قرار پایا کہ سال کے دوران کئے گئے متعلقہ فریقوں کے لین دین کی جیسا کہ 30 جون 2024 کو ختم ہونے والے سال کے مالی حسابات میں ظاہر کیا گیا ہے، اور بذریعہ ہذا توثیق، منظوری اور تصدیق کی جاتی ہے۔"

(ii) "قرار پایا کہ کمپنی کا بورڈ آف ڈائریکٹرز 30 جون 2025 کو ختم ہونے والے مالی سال کے دوران کیس ٹو کیس کی بنیاد پر متعلقہ فریقوں کے ساتھ ہونے والے لین دین کی منظوری کے مجاز ہیں۔

مزید قرار پایا کہ بورڈ کی طرف سے منظور شدہ لین دین کو شیئر ہولڈرز کی طرف سے منظور شدہ سمجھا جائے گا اور اگلے اجلاس عام میں شیئر ہولڈرز کی رسمی توثیق/منظوری کے لیے ان کے سامنے رکھا جائے گا۔

### 5- دیگر امور

چیئرمین کی اجازت سے کسی دیگر امور پر کارروائی۔

ایکٹ کے سیکشن (3)134 اور SRO 423(I)/2018 کے تحت مذکورہ بالا خصوصی امور کے حوالے سے مادی حقائق کا بیان منسلک ہے۔

مزید برآں، نوٹس معہ مادی حقائق کا بیان شیئر ہولڈرز کو ڈاک کے ذریعے ترسیل اور کمپنی کی ویب سائٹ www.umergroup.com پر اپ لوڈ کر دیا گیا ہے۔

بحکم بورڈ

غلام محی الدین

کمپنی سیکریٹری

کراچی مورخہ: 30 ستمبر 2024ء

### نوٹس:

**1۔الیکٹرانک طریقے سے اجلاس میں شرکت کے لیے۔**

SMD/SE/2(20)2021/117 کے مطابق الیکٹرانک طریقے سے اجلاس عام میں ارکان کی شرکت کو یقینی بنانے کے لئے، ارکان کمپنی کے اجلاس میں ویڈیو لنک کی سہولت "زوم" جو گوگل پلے یا ایپل ایپ اسٹور پر دستیاب ہے، کے ذریعے الیکٹرانک طریقے سے شرکت کر سکتے ہیں۔ اہل ارکان درج ذیل آئی ڈی اور پاسورڈ کے ساتھ رسائی حاصل کر سکتے ہیں:

زوم اجلاس میں شرکت

https://us05web.zoom.us/j/4444034718?pwd=dTlrcUxGTWdzWEowci9qV01uMm4vUT09

اجلاس آئی ڈی: 444 403 4718

پاس کوڈ: btlcorp

2۔ کمپنی کی حصص منتقلی کتابیں 21 اکتوبر 2024 تا 28 اکتوبر 2024 (دونوں ایام شامل) بند رہیں گی۔ 20 اکتوبر 2024 کو کاروبار کے اختتام تک کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر بواقع عمر ہاؤس، 23/1، سیکٹر 23 ایس ایم فاروق روڈ، کورنگی کراچی میں موصول ہونے والی منتقلیاں کمپنی کے سالانہ اجلاس عام میں شرکت، ووٹ دینے کے استحقاق کے مقصد کیلئے بروقت تصور ہونگی۔

3۔ بطور پراکسی کسی دیگر ممبر کے ذریعے ورچوئل اجلاس میں شرکت کے خواہشمند ارکان سے درخواست ہے کہ ان کے پراکسی فارم (لف شدہ) بذریعہ ای میل btl.corporate@umergroup.com پر یا کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل پہنچ جانی چاہئیں۔

4 کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (2)132 کی پیروی میں، کمپنی اپنے ارکان کو اس شہر میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت، اگر دستیاب ہو، ویڈیو لنک کے ذریعے سالانہ عام اجلاس میں شرکت کرنے کی سہولت فراہم کرے گی، جہاں کمپنی کے 10 فیصد یا زیادہ حصص یافتگان ہیں، بشرطیکہ کمپنی اجلاس کی تاریخ سے کم از کم سات (07) دن پہلے ویڈیو لنک کے ذریعے سالانہ عام اجلاس میں حصہ لینے کا مطالبہ وصول کرتی ہے۔

اس سلسلے میں، گزارش ہے کہ سالانہ عام اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 10 دن قبل درج ذیل فارم کو پُر کریں اور کمپنی کے رجسٹرڈ پتے پر جمع کروائیں۔

"میں رہم......................سکنہ......................بحیثیت رکن بلیسڈ ٹیکسٹائلز لمیٹڈ مالک......................عام حصص بذریعہ ہذا......................میں ویڈیو کانفرنس سہولت اختیار کرنا چاہتے ہیں۔

دستخط حصص دار......................

5۔ SRO 1013(1)/2017 مورخہ 6 ستمبر، 2017 کی تعمیل میں، 30 جون، 2024 تک غیر دعوی شدہ شیئرز اور ڈیویڈنڈ یا مضاربہ سرٹیفکیٹ کی دعویدارانہ تفصیلات ہماری ویب سائٹ: www.umergroup.com پر اپ لوڈ کی گئیں ہیں۔ اس سلسلے میں، مذکورہ حصص یافتگان سے درخواست ہے کہ وہ کسی بھی غیر دعویٰ شدہ منافع حصص یا مضاربہ سرٹیفکیٹ کے حوالہ سے کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر یا شیئر رجسٹرار دفتر سے رجوع کریں۔ 3 سالوں سے زیادہ عرصہ تک واجب الادا رہنے والے غیر دعویٰ شدہ ڈیویڈنڈز کا کلیم نوٹس ہذا کے 90 دنوں کے اندرون داخل کرنے میں ناکامی کی صورت میں، ایسے غیر دعویٰ شدہ ڈیویڈنڈز کی رقم کمپنیز ایکٹ 2017 کی ضروریات کے مطابق وفاقی حکومت کے کریڈٹ میں جمع کرادی جائے گی۔

6۔ ارکان سے درخواست ہے کہ اپنے پتہ اور بینک تفصیلات میں تبدیلی اگر کوئی ہو، فی الفور ہمارے شیئر رجسٹرار، حمید مجید ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو مطلع کر دیں۔

یکم جولائی 2024 سے مؤثر فنانس ایکٹ 2024 کی دفعات کے مطابق، انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001 کے سیکشن 150 کے تحت ڈیویڈنڈ کی ادائیگیوں سے انکم ٹیکس کی کٹوتی کی شرحوں پر درج ذیل کے مطابق نظر ثانی کی گئی ہے:

| | |
|---|---|
| a۔ انکم ٹیکس ریٹرن فائل کرنے والوں کے لیے | 15% |
| b۔ انکم ٹیکس ریٹرن کے نان فائلرز کے لیے | 30% |

کمپنی کو کیش ڈیویڈنڈ کی رقم پر 30% کی بجائے 15% ٹیکس کٹوتی کرنے کے قابل بنانے کے لیے، وہ شیئر ہولڈرز جن کے نام ایف بی آر کی ویب سائٹ پر فراہم کردہ ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ (ATL) میں درج نہیں ہیں، اس حقیقت کے باوجود کہ وہ فائلرز ہیں۔ کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ کتابوں کی بندش کے پہلے دن سے قبل ان کے نام ATL میں درج کر لیے جائیں، بصورت دیگر ان کے کیش ڈیویڈنڈ پر 15% کی بجائے 30% ٹیکس منہا کیا جائے گا۔

ڈیویڈنڈ کی آمدنی سے ودہولڈنگ ٹیکس چھوٹ کی اجازت صرف اس صورت میں دی جائے گی جب ٹیکس سے استثنٰی کے مؤثر سرٹیفکیٹ کی کاپی یا کسی مجاز عدالت سے حکم امتناعی کی کاپی حمید مجید ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو کتابوں کی بندش کے پہلے دن تک فراہم کر دی جائے۔

مزید، فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) سے موصول ہونے والی وضاحت کے مطابق، ودہولڈنگ ٹیکس کا تعین مشترکہ اکاؤنٹس کی صورت میں، پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ ہولڈرز کے 'فائلر/ نان فائلر' اسٹیٹس پر ان کے شیئر ہولڈنگ کے تناسب کی بنیاد پر کیا جائے گا۔ اس سلسلے میں تمام شیئر ہولڈرز جو مشترکہ طور پر حصص رکھتے ہیں ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ ہولڈرز کے شیئر ہولڈنگ کا تناسب تحریری طور پر ہمارے شیئر رجسٹرار کو فراہم کریں۔

20 اکتوبر 2024 تک معلومات نہ ملنے کی صورت میں، ہر شیئر ہولڈر کے پاس حصص کا مساوی تناسب فرض کیا جائے گا اور اس کے مطابق ٹیکس کاٹ لیا جائے گا۔

7 کمپنیز ایکٹ 2017 کا سیکشن 242 جس میں بیان ہے کہ، "نقد میں قابل ادائیگی کوئی بھی ڈیویڈنڈ صرف الیکٹرانک موڈ کے ذریعے براہ راست حقدار شیئر ہولڈرز کے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹ میں ادا کیا جائے گا"۔ SECP کے جاری کردہ سرکلر CLD/CCD/PR(11)/2017 No.18/2017 مورخہ یکم اگست 2017 کے سیکشن 242 کی تعمیل میں، لسٹڈ کمپنیوں کو شیئر ہولڈرز سے الیکٹرانک ڈیویڈنڈ مینڈیٹ حاصل کرنا ضروری ہے اور اس سلسلے میں ایک نوٹس پہلے ہی جاری اور تمام شیئر ہولڈرز کو ارسال کر دیا گیا ہے۔

مزید، سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) نے نوٹیفکیشن نمبر SRO1145(1)2017 مورخہ 6 نومبر 2017 کے ذریعے کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 242 کی پرووِیژنز کے حوالے سے مندرج کمپنیوں کو ڈیویڈنڈ کی تقسیم کے لیے حقدار شیئر ہولڈرز نامزد بینک اکاؤنٹ سے متعلق درست معلومات فراہم کریں جس میں بینک کا نام، اکاؤنٹ کا عنوان، بینک برانچ کا پتہ اور بین الاقوامی بینک اکاؤنٹ نمبر شامل ہیں۔ اس سلسلے میں ہم تمام رجسٹرڈ شیئر ہولڈرز سے درخواست کرتے ہیں کہ وہ بینک کی تفصیلات فراہم کریں تا کہ ان کا نقد منافع براہ راست ان کے بینک اکاؤنٹ میں کریڈٹ کیا جائے، اگر اعلان کیا گیا ہو۔ ہمیں اپنے متعلقہ بینک کے ساتھ بینک کی تفصیلات کی تصدیق بھی فراہم کریں اور سی ڈی ایس میں بک انٹری سیکیورٹیز کی صورت میں، سی ڈی ایس کے شرکاء کو اور فزیکل سیکیورٹیز کی صورت میں کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو جمع کرائیں۔

8۔ نوٹیفکیشن SRO 787(1)/2014 بتاریخ 8 ستمبر، 2014 کے تحت SECP نے ہدایت کی ہے کہ کمپنی کے ارکان کو سالانہ مالیاتی گوشوارے اور نوٹس الیکٹرانک میل سسٹم (ای میل) کے ذریعے وصول کرانے کی سہولت فراہم کی جائے۔ ہم یہ سہولت اپنے ان ارکان کو بخوشی پیش کرتے ہیں جو مستقبل میں ای میل کے ذریعے کمپنی کے سالانہ مالی گوشوارے اور نوٹس وصول کرنا چاہتے ہیں۔ اس سلسلے میں ارکان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ ایک معیاری درخواست فارم جو کمپنی کی ویب سائٹ یعنی www.umergroup.com پر دستیاب ہے میں ای میل کے ذریعے اپنی رضامندی کا اظہار کریں۔ براہ کرم یقینی بنائیں کہ آپ کے ای میل میں ایسی ای میل کو حاصل کرنے کے کافی حقوق اور جگہ دستیاب ہے جو سائز میں 2MB فائل سے بڑی ہوسکتی ہے۔ مزید یہ کہ ممبر پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ رجسٹرڈ ای میل ایڈریس میں کسی بھی تبدیلی کے بارے میں شیئر رجسٹرار کو بروقت اپ ڈیٹ کریں۔

**9۔ ای ووٹنگ اور پوسٹل بیلٹ**

پوسٹل بیلٹ/ ای ووٹنگ کا شیڈول اور طریقہ کار اجلاس کے سات (7) دن پہلے کمپنی کی ویب سائٹ یعنی www.umergroup.com پر رکھ دیا جائے گا۔ ارکان کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 145-143 اور کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 جاری شدہ بروئے ترمیم شدہ SRO 254(1)/2018 کی لاگو شقوں کے تقاضوں کو پورا کرنے کے حوالہ سے اپنا حق استعمال کرتے ہوئے پول کا مطالبہ کر سکتے ہیں۔

**a) ای ووٹنگ**

i)۔ ای ووٹنگ کی سہولت کا طریقہ کار ای میل کے ذریعے کمپنی کے ان ممبروں کے ساتھ شیئر کیا جائے گا جن کے مؤثر سیل نمبر/ای میل ایڈریس (رجسٹرڈ ای میل آئی ڈی) 20 اکتوبر 2024 کے اختتام تک ممبران کے رجسٹر میں دستیاب ہیں۔ چنانچہ، وہ ممبران جو ای ووٹنگ کے ذریعے اپنے ووٹ کا حق استعمال کرنا چاہتے ہیں وہ 20 اکتوبر 2024 کو یا اس سے پہلے کمپنی کے رجسٹرار کو اپنا مؤثر سیل نمبر اور ای میل فراہم کریں یا ہمیں: ("btl.corporate@umergroup.com") پر ای میل کریں۔

ii)۔ ویب ایڈریس، لاگ ان کی تفصیلات اور سیکیورٹی کوڈ زحمید مجید ایسوسی ایٹس (ای ووٹنگ سروس فراہم کنندہ کی حیثیت سے) ای میل کے ذریعے ممبران کو بتائیں گے۔

iii) ای ووٹنگ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا ارادہ رکھنے والے اراکین کی شناخت ای میل لاگ ان کے لیے تصدیق کے ذریعے کی جائے گی۔

iv) ای ووٹنگ لائنیں 25 اکتوبر 2024 کو صبح 9:00 بجے سے شروع اور 27 اکتوبر 2024 کو شام 5:00 بجے بند ہوں گی۔ ممبران اس مدت میں کسی بھی وقت اپنا ووٹ ڈال سکتے ہیں۔ ایک بار کسی رکن کی طرف سے قرارداد پر ووٹ ڈالنے کے بعد، اسے بعد میں اسے تبدیل کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

**b) پوسٹل بیلٹ**

i) اراکین متبادل طور پر پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا انتخاب کر سکتے ہیں اور ان کی سہولت کے لیے بیلٹ پیپر نوٹس ہذا کے ساتھ منسلک ہے اور اسے کمپنی کی ویب سائٹ www.umergroup.com سے بھی ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔

ii) اراکین اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی کاپی کے ہمراہ صحیح طریقے سے پُر کیا گیا اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر صدرِ اجلاس تک بذریعہ ڈاک عمر ہاؤس، 23/1، سیکٹر 23، ایس ایم فاروق روڈ، کورنگی انڈسٹریل ایریا، کراچی (بمنسوب کمپنی سیکرٹری/ چیئرمین) بروز ہفتہ، 26 اکتوبر 2024 شام 5:00 بجے سے پہلے پہنچیں۔ بیلٹ پیپر پر دستخط کمپنی کے ریکارڈ/ CNIC پر دستخط سے مماثل ہوں گے۔ اس وقت/ تاریخ کے بعد موصول ہونے والا پوسٹل بیلٹ ووٹنگ کے لیے زیر غور نہیں آئے گا۔

c)۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے SRO 254(1)/2018 کی شق 5 کے تحت کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز حمید مجید اینڈ ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو ای ووٹنگ کی خدمات سرانجام دینے کے لیے مقرر کیا ہے۔ مناسب طریقے سے خدمات سرانجام دینے کے لیے ان کے پاس اپنا محفوظ ویب پورٹل سسٹم ہے۔

d)۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے SRO 254(1)/2018 کی شق 11 کے تحت میسرز مشتاق اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کو ICAP کی طرف سے تسلی بخش QCR ریٹنگ کے ساتھ اہل ہونے کی بناء پر مقرر کیا ہے۔ وہ ووٹنگ کی خدمات کو آزادانہ طور پر جانچنے اور انعقاد کے لیے ضروری علم اور تجربہ رکھتے ہیں۔

10۔ ایکٹ کے سیکشن 72 کی شق کے تحت، اب شیئر ہولڈرز کے لئے ضروری ہے کہ وہ اپنے فزیکل شیئرز کو جلد از جلد بک انٹری شکل میں تبدیل کریں۔ اس کے مطابق، فزیکل شیئرز کو اب بک انٹری شکل میں تبدیل کرنا ضروری ہے اور شیئر ہولڈران کو اپنے سنٹرل ڈیپازٹری سسٹم (سی ڈی ایس) اکاؤنٹس میں رکھیں گے۔ سی ڈی ایس اکاؤنٹ کراچی، لاہور اور اسلام آباد میں واقع سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ کے کسی بھی سی ڈی سی شرکاء (اسٹاک بروکر) یا سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ سروسز ڈیپارٹمنٹ (سی ڈی سی آئی اے ایس) کے ذریعہ کھولا اور برقرار رکھا جا سکتا ہے۔

**سی ڈی سی میں بک انٹری شکل میں حصص رکھنے کی اہم خصوصیات درج ذیل ہیں۔**

- بک انٹری شیئرز گم، چوری یا خراب نہیں ہوسکتا۔
- ڈپلیکیٹ حصص جاری کرنے کی ضرورت نہیں۔
- بک انٹری کے حصص فوری طور پر اسٹاک مارکیٹ میں فروخت (خرید وفروخت) کیے جا سکتے ہیں۔
- بک انٹری حصص کی منتقلی/ فروخت کے لیے ٹرانسفر ڈیڈ کی کوئی ضرورت نہیں۔
- کسی بھی فنانسنگ سہولت سے فائدہ اٹھانے کے لیے بک انٹری شیئرز گروی رکھے جا سکتے ہیں۔
- بونس اور رائٹ شیئرز استحقاق کا بک انٹری فارم میں فوری کریڈٹ۔
- پورٹ فولیو کی معلومات کا جائزہ لینے کے لیے سی ڈی ایس اکاؤنٹس کی 24/7 آن لائن رسائی۔
- سی ڈی ایس اکاؤنٹس کے متواتر اکاؤنٹ کے حسابات تک آسان رسائی۔

### کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (3)134 کے تحت مادی حقائق کا بیان۔

30 جون 2024 کو ختم ہونے والے سال کے دوران متعلقہ پارٹی لین دین کی توثیق اور منظوری کے لیے نوٹس کے 5(A)(i) سے متعلقہ آئٹمز

متعلقہ پارٹی لین دین (RPT) 30 جون 2024 کو ختم ہونے والے سال کے دوران کاروباری سرگرمیوں کے معمول کے دوران قابل رسائی بنیاد پر اور اس کی وابستہ کمپنیوں اور متعلقہ فریقوں کے ساتھ اس کی کارپوریٹ پالیسی، قابل اطلاق قوانین، آئی اے ایس 24 کی پرووِیژنز کے ضابطوں کی تعمیل کے مطابق انجام دیا گیا تھا۔ ڈائریکٹر بورڈ نے تمام RPT کا جائزہ لیا اور منظور کیا آڈٹ کمیٹی کی منظوری کے بعد اندرونی آڈٹ کے سربراہ کے سامنے منظوری کے لئے رکھا گیا۔

تاہم، چونکہ متعلقہ فریقوں کے درمیان مشترکہ ڈائریکٹرشپ موجود ہے (شیئر ہولڈر یا مشترکہ ڈائریکٹر ہونے کی وجہ سے)، یہ لین دین سالانہ اجلاس عام میں شیئر ہولڈرز کی منظوری کے لیے رکھا جا رہا ہے۔ متعلقہ فریقوں کے ساتھ تمام لین دین کو 30 جون 2024 کو ختم ہونے والے مالی حسابات میں ظاہر کیا گیا ہے۔

متعلقہ فریقوں کے ساتھ کئے گئے لین دین شامل ہیں، لیکن ان تک محدود نہیں، سامان کی فروخت اور خریداری، ادا کردہ اور وصول کردہ منافع، سرمایہ کاری اور تقسیم (جہاں قابل اطلاق ہو شیئر ہولڈرز اور بورڈ کی منظوری کے مطابق)۔ ان متعلقہ فریقوں کے ساتھ تعلقات کی نوعیت 30 جون 2024 کو ختم ہونے والے سال کے مالی حسابات میں بھی بیان کی گئی ہے۔

**متعلقہ فریقوں کے ساتھ لین دین اور بیلنس**

کمپنی کے تناظر سے متعلقہ فریق متعلقہ کمپنیاں اور کلیدی انتظامی اہلکاروں پر مشتمل ہیں۔ کلیدی انتظامی اہلکار وہ افراد ہوتے ہیں جن کے پاس کمپنی کی، بالواسطہ یا بلاواسطہ، سرگرمیوں کی منصوبہ بندی، ہدایات اور کنٹرول کرنے کا اختیار اور ذمہ داری ہوتی ہے اور ان میں کمپنی کے چیف ایگزیکٹو اور ڈائریکٹرز شامل ہوتے ہیں۔ کمپنی کے متعلقہ فریقوں کی تفصیلات، جن کے ساتھ کمپنی نے سال کے دوران لین دین کیا تھا یا اس کے پاس بقایا رقم ہے۔

| متعلقہ فریق کا نام | تعلق کی نوعیت | تعلق کی بنیاد | شیئر ہولڈنگ کا مجموعی فیصد |
|---|---|---|---|
| فیصل سپننگ ملز لمیٹڈ | ایسوسی ایٹڈ کمپنی | مشترکہ ڈائریکٹرشپ | 18.49% |
| بھنیر و ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ | ایسوسی ایٹڈ کمپنی | مشترکہ ڈائریکٹرشپ | 0.00% |
| بھنیر و انرجی لمیٹڈ | ایسوسی ایٹڈ کمپنی | مشترکہ ڈائریکٹرشپ | 0.00% |
| ایڈمرل (پرائیویٹ) لمیٹڈ | ایسوسی ایٹڈ کمپنی | مشترکہ ڈائریکٹرشپ | 0.00% |
| محمد امین | کلیدی انتظامی اہلکار | چیف ایگزیکٹو آفیسر | 4.39% |
| عادل شکیل | کلیدی انتظامی اہلکار | ڈائریکٹر | 4.12% |
| محمد شاہین | کلیدی انتظامی اہلکار | ڈائریکٹر | 1.07% |

کلیدی انتظامی اہلکاروں کے ساتھ لین دین صرف قلیل مدتی ملازمین کے فوائد کی ادائیگی تک محدود ہے۔ کمپنی معمول کے مطابق کاروبار سے وابستہ کمپنیوں کے ساتھ مختلف لین دین کرتی ہے اور اس کی ایک پالیسی جاری ہے جس کے تحت اس طرح کے تمام لین دین تجارتی شرائط وضوابط پر کیے جاتے ہیں جو کہ لین دین کی تاریخ پر مارکیٹ کے شرکاء کے درمیان ایک منظّم لین دین میں مروجہ ہونے کے برابر ہیں۔

رپورٹنگ تاریخ کے مطابق متعلقہ فریقوں کے ساتھ کوئی بقایا رقم نہیں ہے۔ متعلقہ فریقوں کے ساتھ لین دین کی تفصیل

متعلقہ فریقوں کے ساتھ لین دین

| تعلق کی نوعیت | لین دین کی نوعیت | 30-جون-24 (روپے) | 30-جون-23 (روپے) |
|---|---|---|---|
| وابستہ کمپنیاں | سوت کی فروخت | 3,844,879,526 | 3,356,216,662 |
| | کپڑے کی فروخت | 537,897,581 | 1,051,083,659 |
| | کپاس کی فروخت | 342,648,825 | 703,026,274 |
| | مشینری فروخت | 12,862,000 | — |
| | کپاس کی خریداری | 24,427,555 | 42,394,987 |
| | سوت کی خریداری | 329,992,824 | 260,596,294 |
| | کپڑے کی خریداری | 2,867,130 | 5,775,328 |
| | مشینری کی خریداری | 708,000 | — |
| | بجلی کی خریداری | 1,212,068 | 3,995,550 |
| | خدمات موصول کیں | 618,000 | 309,000 |
| اسپانسرز | اسپانسرز سے حاصل کردہ قرض | — | 22,113,900 |
| اسپانسرز | اسپانسرز سے حاصل کردہ قرض | — | 80,546,600 |

یکم جولائی 2024 سے 30 جون 2025 کے دوران کئے جانے والے متعلقہ پارٹی لین دین کی منظوری کے لیے بورڈ کی اجازت کے لیے نوٹس کے 5(A)(ii) سے متعلقہ آئٹمز

کمپنی 30 جون، 2025 کو ختم ہونے والے سال کے دوران اپنے متعلقہ فریقوں کے ساتھ لین دین کرے گی جو کہ کاروباری سرگرمیوں کے معمول کے سلسلے میں 'متعلقہ فریقوں کے ساتھ لین دین' کے حوالے سے منظور شدہ پالیسی کے مطابق قابل رسائی بنیاد پر ہے۔ چونکہ، متعلقہ پارٹی لین دین میں مشترکہ ڈائریکٹرشپ رہی ہے، اس لیے بورڈ 30 جون 2025 کو ختم ہونے والے سال کے لیے کیس سے کیس کی بنیاد پر متعلقہ فریقوں کے ساتھ ایسے لین دین کی منظوری کے لیے ممبران کی رضامندی چاہتا ہے اور اس طرح کے لین دین شیئر ہولڈرز کی طرف سے منظور شدہ تصور کیا جاتا ہے۔ اس طرح کے متعلقہ پارٹی لین دین کی نوعیت اور دائرہ کار اوپر بیان کیا گیا ہے اور یہ لین دین شیئر ہولڈرز کے سامنے ان کی باضابطہ منظوری/توثیق کے لیے اگلے عام اجلاس میں رکھا جائے گا۔